129903- مونہہ سے خون نکلنے کا روزے پر اثر

سوال

روزے کی حالت میں میرے مونہہ سے خون نکلتا ہے، یہ خون نیند سے بیدار ہونے اور نمازوں کے اوقات کلی کرتے وقت اور جب ایک دو بار کلی کرلوں تو خون کم ہوجاتا ہے، اور بعض اوقات زرد رنگ کا پانی سا نکلتا ہے، یہ علم میں رہے کہ ڈاکٹر سے مشورہ بھی کیا اور اس نے دوائی بھی تجویز کی لیکن اس کا بھی کوئی فائدہ نہیں ہوا، کیا اس کا روزے پر تو کوئی اثر نہیں پڑتا ؟

پسندیدہ جواب

اگر تو واقعتا ایسا ہی ہے جو آپ نے بیان کیا ہے، کہ آپ خون آلود تھوک سے خلاصی حاصل کرنے کی کوشش کرتے ہیں اور اسے ختم کرنے کے لیے کلی کرتے ہیں، اور کچھ بھی نگلتے نہیں، اس کے باوجود اگر کوئی زردی سی تھوک میں باقی رہتی ہے تو اس میں کوئی حرج نہیں، ان شاء اللہ آپ کا روزہ صحیح ہے۔

اللہ تعالی ہی توفیق دینے والا ہے، اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل اور صحابہ کرام پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے۔

اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والافتاء.

الشيخ عبد العزيز بن عبد الله بن باز.

الشيخ عبد العزيز آل شيخ.

الشيخ صالح الفوزان.

الشيخ بكر ابو زيد